Semester - III

Date 07.09.26

MJC - 3

## ۱۔ اردو نظم کی تعریف، فن اور اجزائے ترکیبی

عربی زبان میں نظم کے معنی موتیوں کو ایک لڑی میں پرونے کے ہیں۔ ادب میں نظم سے مراد وہ صنف سخن ہے جس میں شاعر اپنے خیالات، جذبات اور مشاہدات کو ربط اور ترتیب کے ساتھ موزوں الفاظ میں بیان کرتا ہے۔

### اردو نظم کا فن —:

(۱) وحدتِ تاثر —: نظم میں ایک مرکزی خیال ہوتا ہے جو ابتدا سے آخر تک قائم رہتا ہے۔

(۲) ربط و تسلسل —: اشعار ایک دوسرے سے مربوط ہوتے ہیں

(۳) خیال کی بلندی —: شاعر اپنے ذاتی احساس کو اجتماعی تجربے سے جوڑتا ہے۔

(۴) موسیقیت —: بحر، قافیہ اور ردیف کی بدولت روانی اور نغمگی پیدا کی جاتی ہے۔

(۵) تصویر کشی —: شاعر الفاظ کے ذریعے مناظر، جذبات اور کیفیات کو قاری کے سامنے مجسّم کر دیتا ہے۔

### اجزائے ترکیبی —

(۱) خیال یا موضوع —: نظم کس بات پر کہنا ہے اس کا مرکزی نکتہ شاعر کے ذہن میں ہونا چاہیے۔

(۲) جذبات و احساسات —: جذبات و احساسات کے بغیر اچھی نظم کی تخلیق نہیں ہوتی

(۳) تخیل —: خیال کو خوبصورت اور دلکش بنانے کے لیے شاعر کی قوتِ متخیلہ بہت ضروری ہے۔

(۴) ربط و تسلسل —: اشعار میں یکسانی اور موضوعی ہم آہنگی ضروری ہے

(۵) تاثیر —: نظم اس طرح کہی جائے کہ قاری کے دل و دماغ پر اثر ڈال سکے۔

ڈاکٹر ابوالکلام

07.09.26